


# پری فزیبلیٹی تحقیق

## (مصالحہ جات، پراسیسنگ، پیکجنگ اور مارکیٹنگ)


سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk

**ہیڈ آفس**

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر 3، ایوانِ اقبال، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون 92 42 111 111 456

فیکس 92 42 36304926-7

helpdesk@smeda.org.pk

**ریجنل آفس پنجاب**
بلڈنگ نمبر 3، فلور:3، ایوان اقبال، ایجرٹن روڈ، لاہور
ٹیلی فون: (042) 111-111-456
فیکس نمبر: (0423)36304926-7
helpdesk.punjab@smeda.org.pk

**ریجنل آفس سندھ**
بحریہ کمپلیکس 2، فلور 5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی
ٹیلی فون: (021) 111-111-456
فیکس نمبر: (021) 35610572
helpdesk-khi@smeda.org.pk

**ریجنل آفس خیبر پختونخواہ**
دی مال، گراؤنڈ فلور، پشاور
ٹیلی فون: (091) 9213046-47
فیکس نمبر: (091) 286908
helpdesk-pew@smeda.org.pk

**ریجنل آفس بلوچستان**
بنگلور نمبر: 15-A چمن ہاؤس سکیم، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ
ٹیلی فون: (081) 2831623, 2831702
فیکس نمبر: (081) 2831922
helpdesk-qta@smeda.org.pk


**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے وزیراعظم یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں

# فہرست


| نمبر شمار | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1. | اظہارِ تعلق | 3 |
| 2. | دستاویز کا مقصد | 3 |
| 3. | سمیڈا کا تعارف | 3 |
| 4. | سکیم کا تعارف | 4 |
| 5. | اجمالی خاکہ | 4 |
| 6. | کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان | 4 |
| 7. | انتہائی قابل توجہ امور | 5 |
| 8. | ابتدائی و عملی استعداد | 5 |
| 9. | سرمایہ کاری کے لیے جغرافیائی مواقع | 5 |
| 10. | متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے | 5 |
| 11. | پیداواری گردش عمل (پروڈکشن پروسس فلو) | 6 |
| 12. | پروجیکٹ کی لاگت کا خلاصہ | 6 |
| 12.1 | معاشی کیفیت | 6 |
| 12.2 | درکار سرمایہ | 7 |
| 12.3 | کل لاگت کاروبار | 7 |
| 12.4 | درکار زمین | 8 |
| 12.5 | مشینری اور آلات | 8 |
| 12.6 | دفتری فرنیچر و لوازمات | 9 |
| 12.7 | دفتری سواری | 9 |
| 12.8 | درکار خام مال | 10 |
| 12.9 | درکار افرادی قوت | 11 |
| 12.10 | آمدن، متوقع پیداوار اور آمدن کا جدول | 11 |
| 12.11 | متفرق لاگتیں | 12 |
| 13. | ماہرین اور مشیران | 13 |
| 14. | ضمیمہ جات | 14 |
| 14.1 | آمدن کا گوشوارہ | 14 |
| 14.2 | اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ | 15 |
| 14.3 | گردش نقد کا گوشوارہ | 16 |
| 14.4 | کارآمد انتظامی اشارے | 17 |
| 14.5 | کارآمد رابطے | 18 |
| 15 | کلیدی مفروضات | 19 |

# 1۔ اظہارِ لاتعلقی

یہ معلوماتی دستاویز موضوع سے متعارف کرواتی اور اس بارے میں عمومی تصور اور معلومات دیتی ہے۔ اگرچہ، اس دستاویز میں شامل مواد مختلف باوثوق ذرائع سے جمع کردہ ڈیٹا/معلومات پر مبنی ہے، مگر اس کی بنیاد مخصوص مفروضات پر بھی ہے جو مختلف صورتوں میں مختلف ہو سکتے ہیں۔ معلومات کی درستگی یا معتبریت کے بارے میں کوئی دعوے یا یقین دہانیوں کے بغیر من وعن پیش کیا گیا ہے۔ اگرچہ اس دستاویز کی تدوین میں حددرجہ احتیاط اور توجہ برتی گئی ہے، لیکن اس میں دی گئی معلومات متعلقہ عوامل میں کسی تبدیلی کی وجہ سے فرق ہو سکتے ہیں، اور اصل نتائج پیش کردہ معلومات سے خاصے مختلف ہو سکتی ہیں۔ سمیڈا (SMEDA) اور اس کے ملازمین اس دستاویز کی وجہ سے کی گئی کسی سرگرمی کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی مالی یا دیگر نقصان کے ذمہ دار نہیں۔ شامل معلومات مزید کسی پروفیشنل مشاورت کو خارج از امکان نہیں بناتی۔ اس دستاویز کے متوقع استعمال کنندگان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اضافی کاوش کریں اور ایک باوثوق فیصلہ کرنے کے لیے ضروری معلومات اکٹھی کریں، بشمول معلومات پر عمل کرنے کے کسی بھی فیصلے سے قبل کسی کنسلٹنٹ/تکنیکی ماہر کے ساتھ پروفیشنل مشاورت۔

سمیڈا کی جانب سے پیش کردہ خدمات کے متعلق مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائیٹ پر رابطہ کریں:www.smeda.org.pk

# 2. دستاویز کا مقصد

ابتدائی امکانات جانچنے کی اس سٹڈی کا بنیادی مقصد ممکنہ کاروباری افراد کو سرمایہ کاری کے لیے پروجیکٹ کی شناخت میں معاونت دینا ہے۔ پروجیکٹ کی ابتدائی جانچ سرمایہ کاری کے اہم فیصلوں کی بنیاد مہیا کر سکتی ہے اور اس مقصد کو پورا کرنے کی خاطر یہ دستاویز/سٹڈی پروجیکٹ کا بنیادی تصور وضع کرنے، آغاز اور پروڈکشن، مارکیٹنگ، فنانس اور کاروباری چلانے کے انتظامات کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کرتی ہے۔ اس دستاویز کا مقصد ممکنہ سرمایہ کاروں کو کیٹرنگ اور ڈیکوریٹنگ سروسز میں سرمایہ لگانے کے لیے کاروبار کی عمومی تفہیم مہیا کرنا ہے تاکہ انہیں سرمایہ کاری کے اہم فیصلوں میں مدد ملے۔

دستاویزی معلومات سے محروم یا بہت کم دستاویزی معلومات والے شعبوں کے لیے ابتدائی جائزہ رپورٹیں تیار کرنے کی ضرورت اس لیے بھی زیادہ نمایاں ہو گئی ہے کیونکہ اس قسم کی رپورٹوں سے پہلے کی ریسرچ مخصوص ٹوٹکے، آزمائش اور خطا کے ذریعے موجودہ کاروباروں کے وضع کردہ بہترین طور طریقے اور مخصوص صنعتی طریقے اشکار کرتی ہیں جو کاروبار قائم کرنے اور کامیاب طریقے سے چلانے کے مختلف پہلوؤں میں راہنما بن گئے۔ پوری دستاویز کا بغور مطالع کرنے کے علاوہ آپ کو چاہیے کہ آگے دیے گئے اہم پہلوؤں کا خیال رکھیں جو سرمایہ کاری کے کسی بھی فیصلے کی بنیاد ہیں۔

# 3. سمیڈا (SMEDA) کا تعارف

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کی ترقی کا ادارہ (سمیڈا) حکومت پاکستان نے 1998ء میں قائم کیا تاکہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے (SME) کو ترقی دینے کے ذریعے معیشت میں نئی جان ڈالی جا سکے۔

''روزگار پیدا کرنے اور قومی آمدنی میں بڑھوتری میں معاونت'' کے جذبے کے ساتھ، SME شعبے کو ترقی دینے کے ذریعے، SMEs کی تعداد، دائرہ عمل اور مسابقت کو فروغ دینے کے ذریعے ''سمیڈا نے'' مخصوص شعبوں کی ریسرچ' انجام دی ہے تاکہ پالیسی، فنانس تک رسائی، کاروبار کے فروغ کی خدمات، اہم اقدامات اور کاروبار کی سطح پر اشتراک عمل اور نیٹ ورکنگ کے اقدامات کو شناخت کی جا سکے۔

سرمایہ کاری کے کلیدی شعبوں میں ابتدائی تحقیقی جائزوں کی تیاری اور تشہیر سمیڈا کی جانب سے SME معاونت کا نشان امتیاز رہا ہے۔

ان ابتدائی تحقیقی جائزوں کے ساتھ ساتھ سمیڈا نے SMEs کو وسیع پیمانے پر فروغِ کاروبار کی خدمات بھی پیش کی ہیں۔ ان خدمات میں ہیلپ ڈیسک سروسز کے ذریعے کاروباری راہنمائی کے علاوہ ماہرین اور کنسلٹنٹس کی نشاندہی اور ضروریات کی بنیاد پر تعمیر استعداد کے مختلف النوع پروگرام بھی شامل ہیں۔

---

نوٹ: سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں

## 4. سکیم کا تعارف

وزیراعظم کی چھوٹے کاروبار کے لئے قرضہ سکیم نوجوان افراد کے لئے شروع کی جا رہی ہے۔اس سکیم کے لئے مالی سال 2013-14 میں پانچ ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔سکیم کے تحت ابتدائی طور پر نیشنل بنک اور فرسٹ ویمن بنک کے ذریعے ایک لاکھ افراد کو سالانہ 8% شرح منافع کی بنیاد پر 20لاکھ روپے تک کے قرضے دیئے جائیں گے۔
آٹھ سال کے عرصے کے لئے چھوٹے کاروباری قرضے کے لئے ملک بھر کے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری افراد کو 90:10 فیصد کے تناسب سے قرضے دیئے جائیں گے ۔90% سرمایہ حکومت جبکہ دس فیصد کاروباری افراد لگائیں گے۔قرضہ کی واپسی آٹھ (8) سال میں ہوگی جس میں ایک سال کی رعائتی مدت بھی شامل ہے۔

سکیم کے تحت پنجاب،سندھ،خیبر پختونخواہ، بلوچستان،گلگت بلتستان،آزاد کشمیر اور فاٹا کے عوام کو قرضوں کے حصول کی سہولت حاصل ہوگی۔

روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور قومی آمدنی میں اضافے کے لئے چلنے والی اس سکیم کا مقصد چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے کی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔

سکیم کے تحت چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے میں وسعت اور مقابلے کے رجحان کے لئے حکومت ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو ترقی دینے کے ادارے SMEDA نے وزیراعظم کی چھوٹے کاروباری قرضہ سکیم کے لئے پچاس شعبوں کی نشاندہی کی ہے ۔اس حوالے سے ملک بھر میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کی ترقی کے لئے حکومت ہر ممکن معاونت کرے گی۔

## 5-اجمالی خاکہ

مصالحہ جات کی تیاری،پیکنگ اور مارکیٹنگ کے یونٹ پاکستان کے تمام بڑے شہروں میں قائم کیے جاسکتے ہیں تاہم کراچی،لاہور،راولپنڈی،فیصل آباد،ملتان،حیدر آباد،پشاور،سکھر،کوئٹہ اور میر پور خاص ترجیحاتی جگہیں ہیں۔ابھی تک پاکستان کے شہری اور نیم شہری علاقوں میں پیکنگ میں دستیاب مصالحہ جات عام استعمال کیے جاتے ہیں۔

ان پراڈکٹس میں بریانی مصالحہ،کڑاہی مصالحہ،اور قیمہ مصالحہ شامل ہیں جسے 50 گرام کے پیکٹ میں پیک کیا جاتا ہے۔اس یونٹ میں فی دن کے حساب سے 200 کلوگرام مصالحہ جات تیار کیے جاتے ہیں۔

یہ یونٹ ابتدائی طور پر 60 فیصد کی سطح پر کام کرے گا۔کاروبار کی مجموعی قیمت کا اندازہ بیس لاکھ اکاوّن ہزار سات سو سولہ روپے ہے جس میں چھ لاکھ اکیاسی ہزار مستقل سرمایہ کاری اور ایک لاکھ سینتیس ہزار سات سو سولہ روپے کا گردشی سرمایہ بھی شامل ہے۔

پراجیکٹ کی کامیابی کے لیے سب سے اہم چیزیں یا پہلو درج ذیل ہیں:

1- معیار اور قیمت
2- اجزائے ترکیبی اور تیاری
3- کریڈٹ سیل کی وصولی
4۔ خوشنماء اور معیاری پیکنگ
5۔ تقسیم کاری کے انتظامات

## 6- کاروبار اور مصنوعات کا مختصر بیان

مصالحہ جات کی صنعت میں پچھلی ایک دہائی سے بے پناہ ترقی ہو چکی ہے۔اگرچہ مصالحہ جات کی تیاری،پیکنگ اور فراہمی میں ٹیکنالوجی کا بہت اثر ہے لیکن ہمیشہ کی طرح ترقی کے لیے کوالٹی،قیمت اور ترسیل کا نظام بھی اہم ہے۔گزشتہ دہائی میں مصالحہ جات کی تیاری کی صنعت اتنی ترقی کر چکی ہے کہ بہت سے تجارتی کارخانے مقامی اور بین الاقوامی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے لگائے گئے ہیں۔اجزائے ترکیبی اور نئی ٹیکنالوجی کے ساتھ اس صنعت میں مستقل تبدیلیاں آرہی ہیں۔

---

نوٹ:سمیڈا کی جانب سے پرائم منسٹر یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جا رہی ہیں

ایک بزنس مین کے لیے جو چیز اسے نفع بخش بناتی ہے وہ کوالٹی،اصول صحت اور معقول قیمت ہیں۔دوسرے کاموں کے مقابلے میں برصغیر میں مصالحہ جات کی مخصوص کھانے کے طور پر مستقل طلب رہتی ہے۔لہٰذا یہ بزنس بہت منافع بخش ہے تاہم اس کی ترقی زیادہ تر مندرجہ ذیل چیزوں پر منحصر ہے:

☆ آبادی میں اضافہ

☆ آبادی میں نوجوانوں کی شرح

☆ شہری زندگی میں بڑھوتری کا رجحان

☆ گھروں میں تیار کردہ سالن کی بجائے تیار شدہ سالن استعمال کرنے کا رجحان

**ٹیکنالوجی:** مذکورہ تجویز کردہ یونٹ گرائنڈنگ،مکسنگ اور پیکنگ مشینری پر مشتمل ہوگا۔مارکیٹ سے استعمال شدہ مشینری بھی خریدی جاسکتی ہے۔

**لوکیشن:** یہ یونٹ کراچی،لاہور،راولپنڈی،فیصل آباد،ملتان،حیدرآباد،پشاور،سکھر،کوئٹہ اور میر پور خاص میں لگائے جاسکتے ہیں۔

**پیداوار:** ان یونٹس میں عام استعمال ہونے والے مصالحہ جات تیار کیے جائیں گے جیسے بریانی مصالحہ،کڑاہی مصالحہ اور قیمہ مصالحہ۔

**ٹارگٹ مارکیٹ:** تمام شہری اور نیم شہری علاقے متوقع مارکیٹ ہیں۔لیکن ابتدائی طور پر پراڈکٹ اسی شہر میں فروخت کی جائے گی جہاں پراسیسنگ یونٹ لگایا گیا ہے۔پاکستان بھر میں پندرہ کروڑ صارفین کیساتھ اس بڑی مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے بے پناہ مواقع ہیں۔

**روزگار کی فراہمی:** اس پراجیکٹ کے تحت براہِ راست 9 افراد کو روزگار فراہم کیا جائے گا۔

# 7-انتہائی قابلِ توجہ امور

مصالحہ جات کا بزنس شروع کرنے سے پہلے درج ذیل عوامل کو مدنظر رکھنا ضروری ہے:

1- معیار کو برقرار رکھنا

2- قیمت

3- اجزائے ترکیبی اور تیاری

4- کریڈٹ کی وصولی

5۔ خوشنماء اور معیاری پیکنگ

6۔ تقسیم کاری کے انتظامات

# 8-ابتدائی اور عملی استعداد

مذکوری یونٹ میں روزانہ کی بنیاد پر 200 کلوگرام مصالحہ جات تیار ہوسکیں گے۔ابتدائی طور پر پیداوار 60 فیصد ہوگی جو پہلے 5 سال 5 فیصد سالانہ کے حساب سے بڑھے گی جو بعد میں 8 فیصد سالانہ بڑھے گی۔

# 9-سرمایہ کاری کے لیے جغرافیائی مواقع

اس مطالعہ کے تحت یہ تجویز دی جاتی ہے کہ یہ بزنس رہائشی یا صنعتی علاقے میں کیا جائے جہاں بنیادی انفراسٹرکچر اور سہولتیں باآسانی دستیاب ہوں۔یہ یونٹس لگانے کی تجویز کراچی،لاہور،راولپنڈی،فیصل آباد،ملتان،حیدرآباد،پشاور،سکھر،کوئٹہ اور میر پور خاص میں دی جاتی ہے۔

# 10-متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے

متوقع صارفین شہری اور نیم شہری علاقوں میں رہنے والے درمیانی اور نچلے متوسط آمدنی والے افراد ہیں۔ ان علاقوں میں رہنے والے لوگ قیمتوں سے باخبر ہوتے ہیں لیکن بہتر کوالٹی کی طلب کرتے ہیں۔ مصنوعات دیگر برینڈ (نیشنل، شان، مہران) کے مقابلے میں 15 سے 20 فیصد سستی ہوں گی۔

## 11- پیداواری گردشِ عمل (پروڈکشن پروسس فلو)

مصنوعات کی تیاری 6 مراحل پر مشتمل ہے:

**1۔ صفائی:** خریدا ہوا خام مال انفرادی طور پر صاف اور علیحدہ علیحدہ کیا جائے۔

**2- خشک کرنا:** عام طور پر خشک مصالحے استعمال کیے جاتے ہیں۔ خشک مصالحوں کی کوالٹی ان میں نمی کے معیار پر منحصر ہے۔ لہٰذا بعض اوقات انہیں خشک کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ خشک کرنے کے لیے مختلف آلات استعمال کیے جاتے ہیں۔ ان میں سورج کی روشنی میں خشک کرنے سے لیکر کیروسین سے جلنے والے آلات کے طریقے شامل ہیں۔

**3- پسائی اور مکسنگ:** مصالحوں کی پسائی پتھر کی صلوں میں کی جاتی ہے، انہی میں ان کی مکسنگ بھی ہوتی ہے۔

**4- پیکنگ:** پسائی کے بعد مصالحوں کو خودکار مشینوں کے ذریعے مطلوبہ سائز کے پیکٹوں میں بند کیا جاتا ہے۔

**5- ذخیرہ کرنا:** ان پیکٹس کو گتے کے ڈبوں میں بند کر کے گوداموں میں سٹور کیا جاتا ہے

**6۔ گودام سے ترسیل:** پیک شدہ مصنوعات تقسیم کنندگان کو بھجوائی جاتی ہیں

## تیاری کا طریقہ

**1۔ صفائی......2۔ خشک کرنا......3۔ پسائی......4۔ پیکنگ......5۔ ذخیرہ......6۔ ترسیل**

## 12- منصوبے کی کل لاگت کا خلاصہ

وزیر اعظم کی سمال بزنس لون سکیم کے تحت پراجیکٹ کی تجارتی ترقی کے لیے ایک مفصل فنانشل ماڈل تیار کیا گیا ہے۔ اس حصے میں قیمتوں اور پیداوار سے متعلق مفروضات اور ان کے نتائج کیساتھ درج ہیں۔ متوقع انکم سٹیٹمنٹ، کیش فلو سٹیٹمنٹ اور بیلنس شیٹ منسلک ہیں۔

### 12.1 معاشی کیفیت

**جدول نمبر 1۔ مالیاتی جائزہ**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| اندرونی شرح منافع (IRR) | 38% |
| موجودہ قدر حاصل (NPV) | 4,457,526 |
| کل لاگت کی مدت واپسی، Paback Period (Years) | 3 Years |

مندرجہ ذیل گوشوارہ مصالحہ جات کی تیاری کے یونٹ کے IRR اور واپسی کی مدت کو دکھاتا ہے۔ کاروبار کی کامیابی اور منافع کا انحصار خام مال کی قیمتوں، پیداواری اہداف کا حصول اور خریداروں سے وصولی کے تناسب پر ہے۔

## 12.2-درکار سرمایہ

درج ذیل جدول بینک کے قرضے سے متعلق متغیرات کو واضح کرتا ہے۔

### جدول نمبر 2۔سرمایہ کاری کی تفصیلات

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| کل ذاتی سرمایہ(% 10) | Rs. 205,172 |
| بینک کا قرضہ(90%) | Rs. 1,846,544 |
| شرح سود(فیصد/سالانہ) | 8% |
| قرضے کی مدت(سال) | 8 |
| رعایتی مدت(سال) | 1 |

## 12.3- کل لاگت کاروبار

مصالحہ جات کی تیاری کے یونٹ کی کل لاگت 2.05 ملین روپے ہے۔اسکے علاوہ پراجیکٹ کے لیے بنیادی سرمایہ 0.68 ملین روپے ہے۔اس کے علاوہ بقایا 1.37 ملین روپے گردشی سرمایہ ہوگا۔

### جدول نمبر 3۔منصوبے کی لاگت

| مستقل سرمایہ | رقم |
|---|---|
| مشینری وآلات | 275,000 |
| دفتری آلات وفرنیچر | 141,000 |
| گاڑیاں(موٹر سائیکل) | 60,000 |
| پیشگی کرایہ(چھ مہینے) | 180,000 |
| ابتدائی اخراجات | 25,000 |
| کل مستقل لاگت | **681,000** |
| ابتدائی گردشی سرمایہ | **1,369,000** |
| کل لاگت کار | **2,050,000** |

## 12.4-درکار زمین

جگہ کا تخمینہ خام مال کو ذخیرہ کرنے، تیار کرنے، پیک کرنے اور تیار شدہ چیزوں کو رکھنے کے حساب سے کی گئی ہے۔ مندرجہ ذیل گوشوارے میں پراجیکٹ کے لیے ضروری جگہ کی وضاحت کی گئی ہے۔

### جدول نمبر 4۔ درکار زمین

| تفصیلات | رقبہ(%) | حجم/رقبہ(مربع فٹ) |
|---|---|---|
| خام مال کے ذخیرے کی جگہ | 45 | 400 |
| جگہ برائے پیداواری گردش عمل | 30 | 800 |
| جگہ برائے پیکنگ | 20 | 400 |
| تیار شدہ اشیاء کے ذخیرے کی جگہ | 5 | 300 |
| انتظامیہ کا دفتر | | 300 |
| کل رقبہ | | **2,200** |

## 12.5-مشینری اور آلات

مندرجہ ذیل گوشوارہ مشینری اور آلات کی فہرست فراہم کرتا ہے۔

### جدول نمبر 5۔ مشینری اور آلات

| تفصیلات | تعداد | فی کس قیمت | کل قیمت |
|---|---|---|---|
| گرائنڈنگ مشین | 1 | 65,000 | 65,000 |
| مکسنگ مشین | 1 | 60,000 | 60,000 |
| پیکنگ مشین | 1 | 150,000 | 150,000 |
| ٹوٹل | | کل قیمت | **275,000** |

## 12.6-فرنیچر اور لوازمات

دفتر/ فیکٹری کے فرنیچر کے حصول کے لیے-/141,000 روپے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ فیکٹری کے دفتر کے فرنیچر کی تفصیل درج ذیل ہے۔

### جدول نمبر 6۔ دفتری ساز و سامان اور فرنیچر کی لاگت

| اشیاء | قیمت | تعداد | کل قیمت |
|---|---|---|---|
| میز اور کرسی (مالک) | **8,000** | **1** | **8,000** |
| میز و کرسی (سٹاف) | **4,000** | **4** | **16,000** |
| قالین | **10,000** | **1** | **10,000** |
| ایئر کنڈیشنڈ (استعمال شدہ) | **20,000** | **1** | **20,000** |

| | | | |
|---|---|---|---|
| کرسیاں (انتظارگاہ) | 2,000 | 6 | 12,000 |
| پردےاوراندرونی آرائش | 5,000 | 1 | 5,000 |
| برقی تنصیبات | 15,000 | 1 | 15,000 |
| کمپیوٹراور پرنٹر | 40,000 | 1 | 40,000 |
| فلیکس مشین | 15,000 | 1 | 15,000 |
| کل لاگت | | | 141,000 |

## 12.7-دفتری سواری

دفتر/فیکٹری کی سواری کے حصول کے لیے-/60,000روپے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔دفتر کی سواری کی تفصیل درج ذیل ہے۔

### جدول نمبر 7۔دفتری سواری کی لاگت

| گاڑی(قسم) | تعداد | فی کس قیمت | کل قیمت |
|---|---|---|---|
| موٹرسائیکل | 1 | 60,000 | 60,000 |
| کل لاگت | | | 60,000 |

## 12.8-درکارخام مال

بریانی مصالحٔ کڑاہی مصالحہ اور قیمہ مصالحہ کے لیے مندرجہ ذیل خام مال کی ضرورت ہے۔

### جدول نمبر 8۔خام مال اور قیمت

| اجزاء | ہول سیل قیمت کا تخمینہ(فی کلو) | اجزاء کا تناسب(gms/kg) |
|---|---|---|
| سرخ مرچ | 150 | 225 |
| نمک | 10 | 185 |
| سوکھا دھنیا | 120 | 300 |
| ہلدی | 180 | 90 |
| سفیدزیرہ | 280 | 20 |
| کالی مرچ | 760 | 40 |
| لونگ | 1,600 | 30 |
| دارچینی | 200 | 30 |
| الائچی | 2,000 | 10 |
| جلوتری | 2,500 | 5 |
| جائفل | 1,500 | 5 |
| تیزپات | 220 | 20 |
| آم چور | 120 | 3 |

| | | |
|---|---|---|
| آلو بخارہ | 220 | 5 |
| سٹائرک ایسڈ اور محفوظ رکھنے والے کیمیائی اجزاء | 140 | 32 |

مارکیٹ میں مختلف کوالٹی کا مواد دستیاب ہے لہٰذا قیمتیں بھی مختلف ہیں۔ یہ قیمتیں موسم اور مقامی و بین الاقوامی پیداوار کے حوالے سے بھی تبدیل ہوتی ہیں۔ پاکستان کے مختلف شہروں میں بھی یہ قیمتیں مختلف ہیں۔

## 12.9- درکار افرادی قوت

### جدول نمبر 9۔ درکار افرادی قوت

| عہدہ | ملازمین کی تعداد | تنخواہ (ماہانہ) |
|---|---|---|
| مالک/منیجر | 1 | 25,000 |
| گرائنڈنگ مل آپریٹرز | 1 | 14,500 |
| ماہر پیکنگ مشین آپریٹر | 1 | 15,000 |
| عملہ برائے پیکنگ | 2 | 20,000 |
| ہیلپر | 1 | 10,000 |
| پروڈکشن انچارج | 1 | 20,000 |
| سکیورٹی گارڈ | 1 | 10,000 |
| کل سٹاف | 9 | 114,500 |

## 12.10- آمدنی کی پیداوار

### جدول نمبر 10۔ لاگت اور آمدن تفصیل

| محاصل کا تخمینہ | | |
|---|---|---|
| پیداوار | | |
| پیداواری استعداد | 25 | کلو/گھنٹہ |
| تخمینہ برائے عملی اوقات کار | 8 | گھنٹے/دن |
| تخمینہ برائے پیداواری استعداد | 200 | کلو/دن |
| متوقع زیر استعمال استعداد | 60% | |
| سالانہ ابتدائی زیر استعمال استعداد کی شرح نمو | 5% | |
| تخمینہ برائے ابتدائی پیداوار | 120 | کلو/دن |
| متوقع ضیاع | 2% | |
| کل ابتدائی پیداواری استعداد | 118 | کلو/دن |
| مصالحہ جات کے پیکٹ کا کل وزن | 50 | گرام/پیکٹ |
| کل پیداوار (پیکٹ/روزانہ) | 2.352 | پیکٹ/دن |

| | | |
|---|---|---|
| کل پیداوار (پیکٹ/ماہانہ) | 56.448 | پیکٹ/ماہانہ |
| کل پیداوار (پیکٹ/سالانہ) | 677.376 | پیکٹ/سالانہ |
| قیمت فروخت/پیکٹ | 29 | روپے |
| روزانہ کی آمدن | 68.206 | روپے |
| کل قیمت فروخت ماہانہ | 1.636.992 | روپے |
| کل قیمت فروخت (سالانہ) | 19.643.904 | روپے |
| تیار شدہ مصنوعات کا سٹاک | 10دن | |
| تیار شدہ مصنوعات کے سٹاک کا سالانہ تخمینہ | 682.080 | روپے |
| مجموعی سالانہ فروخت | 18.961.824 | روپے |
| پیکنگ مشین | | |
| پیداواری استعداد | 600 | پیکٹس/گھنٹے |
| روزانہ پیداواری دورانیہ | 4 | گھنٹے/دن |
| تیار شدہ پیکٹس کا تخمینہ | 2.400 | پیکٹس/دن |
| تجویز کردہ مشینوں کی تعداد | 1 | |
| روزانہ کل پیکنگ کا تخمینہ | 2.400 | |
| لاگت کا تخمینہ | | |
| اجزاء | | |
| کل تعداد | 118 | 706 |
| بریانی مصالحہ 40% | 941 | 15.439روپے |
| کڑاہی مصالحہ 30% | 706 | 11.579روپے |
| قیمہ مصالحہ 30% | 706 | 11.579روپے |
| اجزاء کی کل لاگت | 2350 | 38.596روپے |
| پیکنگ میٹریل | | |
| پیکنگ کی فی کس لاگت | 5روپے | روپے/فی پیکٹ |
| پیکنگ کی کل لاگت | 5روپے | |
| پیکٹ کی کل لاگت | 16.41روپے | |

## 12.11- متفرق لاگتیں

☆ صنعتی روایات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ طے کیا گیا ہے کہ مجموعی فروخت کی 50 فیصد فروخت کیش پر ہوگی۔ بقیہ 50 فیصد سیل مقامی دسٹری بیوٹرز کو ادھار پر ہوگی۔ جس کی وصولی کی مدت کا تخمینہ 30 دن لگایا گیا ہے۔ ادھار کی عدم ادائیگی کا تخمینہ سالانہ ادھار پر فروخت کا 5 فیصد لگایا گیا ہے۔

☆ بجلی، موٹر سائیکل کے ایندھن، ٹیلی فون اور پانی کے بلوں کا تخمینہ تقریباً -/55,000 روپے ماہانہ لگایا گیا ہے۔

☆ پری فزیبلٹی کے مقصد کے لیے مصالحہ جات کا یونٹ مصنوعات کو مقامی طور پر فروخت کرے گا۔ اس مقصد کے لیے خوردہ فروش اور ڈسٹری بیوٹرز کے ذریعے طلب پیدا کی جائے گی۔

☆ نئے سیٹ اپ کے لیے ایڈورٹائزنگ مشکل ہوگی۔ لہٰذا مستقل طور پر طلب قائم رکھنے کے لیے کاروباری تعلقات قائم کرنے کے طریقے اختیار کیے جائیں گے۔ اس مقصد کے لیے سالانہ سیلز کا 20 فیصد حصہ مختص کرنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ یہ رقم مارکیٹ میں مضبوط برانڈز کی موجودگی میں جگہ بنانے کے لیے ڈسٹری بیوٹرز، ہول سیلرز اور خوردہ فروشوں کے لیے سکیموں پر استعمال کی جائے گی۔

☆ یہ اندازہ لگایا گیا ہے کہ پراجیکٹ کی سرمایہ کاری کی لاگت کو فنانس کرنے کے لیے آٹھ سال کے لیے طویل المعیاد سرمایہ کاری حاصل کی جائے گی۔ یہ سہولت سات سال میں 84 مہینوں کے لیے سالانہ 8 فیصد کی شرح پر حاصل کی جائے گی (بشمول ایک سال ابتدائی رعایتی مدت) ہر ماہ کے اختتام پر قسطیں ادا کی جائیں گی۔

☆ بزنس چلانے کے لیے متفرق اخراجات کا اندازہ ہر ماہ کے لیے 25,000 روپے لگایا گیا ہے۔ ان اخراجات میں مختلف اشیاء شامل ہیں جیسا کہ سٹیشنری، روزانہ استعمال کی اشیاء وغیرہ۔ ان اخراجات میں سالانہ 10 فیصد کی شرح سے اضافہ ہوسکتا ہے۔

☆ یہ بزنس چونکہ فرد واحد کی ملکیت ہوگا۔ لہٰذا اس کی شرح ٹیکس تنخواہ نہ لینے والے ٹیکس ادا کرنے والے شخص کی آمدنی پر عائد ٹیکس شرح کے حساب سے ہوگی۔

☆ مندرجہ بالا گوشوارے میں سرمایہ کی لاگت کی وضاحت کی گئی ہے۔

| تفصیلات | شرح |
|---|---|
| ذاتی سرمائے پر درکار شرح منافع (Required return on equity) | 20% |
| سرمائے کی لاگت (Cost of finance) | 8% |
| کاسٹ آف فنانس ویٹڈ ایوریج کاسٹ آف کیپیٹل (Cost of financeWeighted Average Cost of Capital) | 9.2% |

☆ سرمائے کی بھاری بھرکم اوسط لاگت کی بنیاد قرضے کی نسبت 90:10 پر ہے۔

# 13-ماہرین اور مشیران سے رابطے کی تفصیلات

تجویز کردہ مصالحہ جات کے یونٹ میں کوئی انتہائی خاص مشینری اور آلات کے استعمال کی ضرورت نہیں پڑتی۔ پسائی، آمیزش اور پیکنگ کے لیے مشینیں پاکستان کے بہت سے شہروں میں آسانی سے دستیاب ہیں۔ پاکستان کے تمام علاقوں میں خام مال بھی دستیاب ہے لیکن قیمتیں مختلف ہوسکتی ہیں۔ لہٰذا دلچسپی لینے والے حضرات خام مال کی لاگت کا تخمینہ اپنے علاقے کی مناسبت سے لگا سکتے ہیں۔


سماء انجینئرنگ

سماء ہاؤس **2-A 1/32** ناظم آباد نمبر **2** کراچی

Sama House, 2-A, 1/32, Nazamabad no. 2, Karachi.

Phone: +92 21 36602467, 36603311

URL:  www.samaengineering.com.pk

# 14۔ضمیمہ جات

## 14.1 آمدن کا گوشوارہ

| Projected Income Statement (Rs.) | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Revenue** | 19,643,904 | 22,014,720 | 25,288,704 | 28,788,480 | 32,514,048 | 37,425,024 | 42,674,688 | 48,263,040 | 55,319,040 | 59,834,880 |
| **Beginning Inventory** | - | 682,080 | 705,600 | 810,535 | 922,708 | 1,042,117 | 1,199,520 | 1,367,778 | 1,546,892 | 1,773,046 |
| **Ending Inventory** | 682,080 | 705,600 | 810,535 | 922,708 | 1,042,117 | 1,199,520 | 1,367,778 | 1,546,892 | 1,773,046 | 1,917,785 |
| **Gross Sales** | 18,961,824 | 21,991,200 | 25,183,769 | 28,676,308 | 32,394,639 | 37,267,621 | 42,506,430 | 48,083,926 | 55,092,886 | 59,690,142 |
| **Sales on Cash** | 9,480,912 | 10,995,600 | 12,591,884 | 14,338,154 | 16,197,319 | 18,633,810 | 21,253,215 | 24,041,963 | 27,546,443 | 29,845,071 |
| **Sales on Credit** | 9,480,912 | 10,995,600 | 12,591,884 | 14,338,154 | 16,197,319 | 18,633,810 | 21,253,215 | 24,041,963 | 27,546,443 | 29,845,071 |
| **Bad Debts** | 474,046 | 549,780 | 629,594 | 716,908 | 809,866 | 931,691 | 1,062,661 | 1,202,098 | 1,377,322 | 1,492,254 |
| **Net (Adjusted Sales)** | 18,487,778 | 21,441,420 | 24,554,174 | 27,959,400 | 31,584,773 | 36,335,930 | 41,443,769 | 46,881,828 | 53,715,564 | 58,197,888 |
| **Cost of Sales** | 12,938,592 | 14,964,994 | 17,223,573 | 19,737,859 | 22,533,612 | 25,639,031 | 29,202,860 | 33,176,334 | 37,604,624 | 40,725,913 |
| **Raw Material** | 11,342,592 | 13,209,394 | 15,292,413 | 17,613,583 | 20,196,909 | 23,068,657 | 26,257,559 | 29,795,036 | 33,715,436 | 36,244,093 |
| **Labor (Production Staff)** | 732,000 | 805,200 | 885,720 | 974,292 | 1,071,721 | 1,178,893 | 1,414,672 | 1,697,606 | 2,037,128 | 2,444,553 |
| **Utilities** | 864,000 | 950,400 | 1,045,440 | 1,149,984 | 1,264,982 | 1,391,481 | 1,530,629 | 1,683,692 | 1,852,061 | 2,037,267 |
| **Gross Profit** | 5,549,186 | 6,476,426 | 7,330,601 | 8,221,541 | 9,051,160 | 10,696,900 | 12,240,909 | 13,705,494 | 16,110,940 | 17,471,975 |
| **Gross Profit Margin** | 30% | 30% | 30% | 29% | 29% | 29% | 30% | 29% | 30% | 30% |
| **General Administrative & Selling Expenses** | | | | | | | | | | |
| Salaries | 642,000 | 706,200 | 776,820 | 854,502 | 939,952 | 1,033,947 | 1,137,342 | 1,251,076 | 1,376,184 | 1,513,802 |
| Rent Expense | 360,000 | 396,000 | 435,600 | 479,160 | 527,076 | 579,784 | 637,762 | 701,538 | 771,692 | 848,861 |
| Office Miscellaneous Expenses | 300,000 | 330,000 | 363,000 | 399,300 | 439,230 | 483,153 | 531,468 | 584,615 | 643,077 | 707,384 |
| Amortization of Preliminary Expenses | 5,000 | 5,000 | 5,000 | 5,000 | 5,000 | - | - | - | - | - |
| Depreciation Expense | 47,600 | 42,840 | 38,556 | 34,700 | 31,230 | 28,107 | 25,297 | 22,767 | 20,490 | 18,441 |
| Maintenance Expense | 55,000 | 55,000 | 55,000 | 55,000 | 55,000 | 55,000 | 55,000 | 55,000 | 55,000 | 55,000 |
| Selling & Distribution | 3,697,556 | 4,288,284 | 4,910,835 | 5,591,880 | 6,316,955 | 7,267,186 | 8,288,754 | 9,376,366 | 10,743,113 | 11,639,578 |
| ***Subtotal*** | *5,107,156* | *5,823,324* | *6,584,811* | *7,419,542* | *8,314,443* | *9,447,177* | *10,675,623* | *11,991,362* | *13,609,556* | *14,783,067* |
| **Operating Income** | 442,031 | 653,102 | 745,790 | 801,998 | 736,717 | 1,249,722 | 1,565,286 | 1,714,132 | 2,501,384 | 2,688,908 |
| **Financial Charges (8 % Per Annum)** | 147,724 | 140,313 | FALSE | 104,862 | 84,900 | 63,281 | 39,868 | 14,512 | - | - |
| **Earnings Before Taxes** | 301,718 | 653,102 | 640,928 | 717,099 | 673,436 | 1,209,854 | 1,550,774 | 1,714,132 | 2,501,384 | 2,688,908 |
| **Tax** | - | 65,310 | 64,093 | 71,710 | 67,344 | 103,978 | 155,116 | 179,620 | 347,777 | 385,282 |
| **Net Profit** | 301,718 | 587,792 | 576,836 | 645,389 | 606,093 | 1,105,876 | 1,395,658 | 1,534,512 | 2,153,608 | 2,303,626 |
| ***Monthly Profit After Tax*** | *25,143* | *48,983* | *48,070* | *53,782* | *50,508* | *92,156* | *116,305* | *127,876* | *179,467* | *191,969* |

## 14.2 اثاثوں وواجبات کا گوشوارہ

| Projected Balance Sheet (Rs.) | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Assets** | | | | | | | | | | | |
| ***Current Assets*** | | | | | | | | | | | |
| Cash & Bank Balance | 713,500 | 175,308 | 441,470 | 581,548 | 744,482 | 821,824 | 1,295,141 | 2,000,325 | 2,784,042 | 4,422,616 | 6,398,808 |
| Raw Material Inventory | 657,216 | 472,608 | 550,391 | 637,184 | 733,899 | 841,538 | 961,194 | 1,094,065 | 1,241,460 | 1,404,810 | 1,510,171 |
| Finished Goods Inventory | | 682,080 | 705,600 | 810,535 | 922,708 | 1,042,117 | 1,199,520 | 1,367,778 | 1,546,892 | 1,773,046 | 1,917,785 |
| Accounts Receivable | 0 | 395,038 | 458,150 | 524,662 | 597,423 | 674,888 | 776,409 | 885,551 | 1,001,748 | 1,147,768 | 1,243,545 |
| Prepaid Rent | 180,000 | 180,000 | 180,000 | 180,000 | 180,000 | 180,000 | 180,000 | 180,000 | 180,000 | 180,000 | 180,000 |
| **Total Current Assets** | **1,550,716** | **1,905,034** | **2,335,611** | **2,733,929** | **3,178,512** | **3,560,367** | **4,412,264** | **5,527,719** | **6,754,142** | **8,928,240** | **11,250,308** |
| ***Fixed Assets*** | | | | | | | | | | | |
| Plant Machinery & Facility | 275,000 | 247,500 | 222,750 | 200,475 | 180,428 | 162,385 | 146,146 | 131,532 | 118,378 | 106,541 | 95,887 |
| Furniture & Fixtures | 141,000 | 126,900 | 114,210 | 102,789 | 92,510 | 83,259 | 74,933 | 67,440 | 60,696 | 54,626 | 49,164 |
| Vehicle | 60,000 | 54,000 | 48,600 | 43,740 | 39,366 | 35,429 | 31,886 | 28,698 | 25,828 | 23,245 | 20,921 |
| **Total Fixed Assets** | **476,000** | **428,400** | **385,560** | **347,004** | **312,304** | **281,073** | **252,966** | **227,669** | **204,902** | **184,412** | **165,971** |
| ***Intangible Assets*** | | | | | | | | | | | |
| Preliminary and Transportation Expenses | 25,000 | 20,000 | 15,000 | 10,000 | 5,000 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| Total Assets | 2,051,716 | 2,353,434 | 2,736,171 | 3,090,933 | 3,495,816 | 3,841,440 | 4,665,230 | 5,755,388 | 6,959,045 | 9,112,652 | 11,416,279 |
| **Owner's Equity** | 205,172 | 506,889 | 1,094,681 | 1,671,517 | 2,316,906 | 2,922,998 | 4,028,874 | 5,424,533 | 6,959,045 | 9,112,652 | 11,416,279 |
| **Short-term Liabilities** | | | | | | | | | | | |
| Account Payable | | | | | | | | | | | |
| **Long Term Liability** | 1,846,544 | 1,846,544 | 1,641,490 | 1,419,416 | 1,178,910 | 918,442 | 636,356 | 330,856 | 0 | 0 | 0 |
| Total Equity & Liabilities | 2,051,716 | 2,353,434 | 2,736,171 | 3,090,933 | 3,495,816 | 3,841,440 | 4,665,230 | 5,755,388 | 6,959,045 | 9,112,652 | 11,416,279 |

## 14.3 گردش نقد کا گوشوارہ

| Projected Statement of Cash Flows (Rs.) | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Cash Flow From Operating Activities** | | | | | | | | | | | |
| Net Profit | 0 | 301,718 | 587,792 | 576,836 | 645,389 | 606,093 | 1,105,876 | 1,395,658 | 1,534,512 | 2,153,608 | 2,303,626 |
| Add: Depreciation Expense | 0 | 47,600 | 42,840 | 38,556 | 34,700 | 31,230 | 28,107 | 25,297 | 22,767 | 20,490 | 18,441 |
| Amortization Expense | 0 | 5,000 | 5,000 | 5,000 | 5,000 | 5,000 | - | - | - | - | - |
| (Increase) / decrease in Receivables | - | (395,038) | (63,112) | (66,512) | (72,761) | (77,465) | (101,520) | (109,142) | (116,198) | (146,020) | (95,776) |
| (Increase) / decrease in RM Inventory | - | 184,608 | (77,783) | (86,792) | (96,715) | (107,639) | (119,656) | (132,871) | (147,395) | (163,350) | (105,361) |
| (Increase) / decrease in Finished Goods Inventory | | (682,080) | (23,520) | (104,935) | (112,172) | (119,409) | (157,403) | (168,258) | (179,114) | (226,154) | (144,738) |
| Net Cash Flow From Operations | 0 | (538,192) | 471,217 | 362,152 | 403,440 | 337,810 | 755,404 | 1,010,684 | 1,114,572 | 1,638,574 | 1,976,192 |
| **Cash Flow From Financing Activities** | | | | | | | | | | | |
| Receipt of Long Term Debt | 1,846,544 | | | | | | | | | | |
| Repayment of Long Term Debt | | | (205,055) | (222,074) | (240,506) | (260,468) | (282,087) | (305,500) | (330,856) | - | - |
| Owner's Equity | 205,172 | | | | | | | | | | |
| Net Cash Flow From Financing Activities | 2,051,716 | 0 | (205,055) | (222,074) | (240,506) | (260,468) | (282,087) | (305,500) | (330,856) | 0 | 0 |
| **Cash Flow From Investing Activities** | | | | | | | | | | | |
| Capital Expenditure | (335,000) | | | | | 0 | | | | | 0 |
| Office Equipment & Furniture | (141,000) | | | | | | | | | | |
| Preliminary Operating Expenses | (25,000) | | | | | | | | | | |
| Security Deposit and Advance Rent | (180,000) | | | | | | | | | | |
| Raw Material Inventory | (657,216) | | | | | | | | | | |
| Net Cash Flow From Investing Activities | (1,338,216) | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| NET CASH FLOW | 713,500 | (538,192) | 266,162 | 140,078 | 162,934 | 77,342 | 473,317 | 705,184 | 783,716 | 1,638,574 | 1,976,192 |
| Cash at the Beginning of the Period | 0 | 713,500 | 175,308 | 441,470 | 581,548 | 744,482 | 821,824 | 1,295,141 | 2,000,325 | 2,784,042 | 4,422,616 |
| Cash at the End of the Period | 713,500 | 175,308 | 441,470 | 581,548 | 744,482 | 821,824 | 1,295,141 | 2,000,325 | 2,784,042 | 4,422,616 | 6,398,808 |

# 14.4- کارآمد انتظامی اشارے

## ٹیکنالوجی

**قابل استعمال اور ضروری / فالتو پرزے:** آپریشن شروع کرنے سے پہلے سپلائر کریڈٹ ایگریمنٹ اور مرمت کے شیڈول کے مطابق یقینی بنائی جائے گی۔

**توانائی کی ضروریات:** توانائی کی ضروریات ضرورت سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے اور اہم کاروباری آپریشن کے لیے بجلی کے علاوہ دیگر توانائی کے ذرائع وغیرہ کا بندوبست کرنا چاہیے۔

**مشینری سپلائر:** مشنری سپلائر کو ٹریننگ کے لیے کہا جائے گا اور بعد از فروخت سروسز کے لئے مشینری سپلائر کے ساتھ معاہدہ کیا جائے گا۔

## مارکیٹنگ

**پراڈکٹ کی تیاری اور پیکنگ:** پیکنگ ڈیزائن اور ڈویلپمنٹ کے لیے ماہرین کی مدد لی جائے گی۔

**اشتہارات اور پی او ایس پروموشن:** اشتہارات اور دیگر تقریبات کے ذریعے بزنس کی پروموشن کرنے کی تجویز دی جاتی ہے۔ پراڈکٹ کے بروشرز اچھی کوالٹی کی سروس فراہم کرنے والوں سے بنوائے جائیں۔

**سیلز اینڈ ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک:** ماہرین کے مشورے اور ڈسٹری بیوشن معاہدوں کی ضرورت ہے۔

**قیمت:** قیمت میں زیادہ سے زیادہ چھوٹ، قیمت اور تعارفی رعایت۔

میعار کے مطابق قیمت میں کوئی سمجھوتا نہیں ہونا چاہیے۔ تعارفی دور میں قیمتیں کم ہوسکتی ہیں اور اسے پروموشن کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ پراڈکٹ کی قیمت کے تعین سے پہلے مجوزہ پراڈکٹ کی لاگت کا احتیاط سے جائزہ لیں۔ حکومت کی جانب سے مقررہ قیمت بھی ظاہر کی جائے گی۔

## افرادی قوت

**مناسبت اور اہلیت:** ماہر اور تجربہ کار سٹاف کو کاروبار کا سرمایہ سمجھا جائے گا۔

**کارکردگی کی بنیاد پر معاوضہ:** افرادی قوت کی لاگت کو بہتر بنانے کے لیے ان کی کارکردگی کو معاوضے کی بنیاد بنانا چاہیے۔

**ٹریننگ اور مہارت کی بہتری:** ماہرین کے ذریعے حوصلہ افزا ٹریننگ اور ملازمین کی مہارت کامیابی کی کنجی ہے۔ ٹریننگ اور مہارت کی بہتری کے لیے کم از کم لاگت کا راستہ مالی فوائد اور ایوارڈز کے ساتھ مربوط کیا جاسکتا ہے۔

## 14.5 کارآمد رابطے

☆ Prime Minister's Office
www.pmo.gov.pk

☆ Small & Medium Enterprises Development Authority( SMEDA)
www.smeda.org.pk

☆ National Bank of Pakistan(SBP)
www.nbp.com.pk

☆ First Women Bank Limited(FWBL)
www.fwbl.com.pk

☆ Government of Pakistan
www.pakistan.gov.pk

☆ Ministry of Industries & Production
www.moip.gov.pk

☆ Ministry of Education,Training & Standards in Higher Education
http//:moptt.gov.pk

☆ Government of Punjab
www.punjab.gov.pk

☆ Government of Sindh
www.sindh.gov.pk

☆ Government of Khyber Pakhtoonkhwa
www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk

☆ Government of Balochistan
www.balochistan.gov.pk

☆ Government of Gilgit Baltistan
www.gilgitbaltistan.gov.pk

☆ Government of AzadJammu Kashmir
www.ajk.gov.pk

☆ Trade Development Authority of Pakistan(TDAP)
www.tdap.gov.pk

☆ Security and Exchange Commission of Pakistan(SECP)
www.secp.gov.pk

☆ Federation of Pakistan Chambers of Commerce and Industry(FPCCI)
www.fpcci.com.pk

☆ State Bank of Pakistan(SBP)
www.sbp.org.pk

☆ Pakistan Institute of Fashion and Design(PIFD)
www.pifd.edu.pk

☆ Pakistan Fashion Design Council(PFDC)
www.pfdc.org

## 15. کلیدی مفروضے

| تفصیلات | مفروضے |
|---|---|
| فروخت کے حجم میں اضافہ | 5% |
| قیمت فروخت میں اضافہ | 5% سالانہ پہلے پانچ سالوں کیلئے، 8% سالانہ چھ سال سے آئندہ سالوں کیلئے |
| لاگت فروخت میں اضافہ | 10% |
| سٹاف کی تنخواہ میں اضافہ | 10% سالانہ |
| مصرفات میں اضافہ | 10% سالانہ |
| کرائے میں اضافہ | 10% سالانہ |
| دفتر کے اخراجات میں اضافہ | 10% سالانہ |
| بینک کا قرضہ / ذاتی سرمائے کی شرح | 90:10 |
| مندرجات: آفس کی آرائش | 10% سالانہ |
| قرضے کا دورانیہ | آٹھ سال |
| قرضے کی اقساط | ماہانہ |
| شرح سود | 8% سالانہ |
| رعایتی مدت | ایک سال |
| ناقابل وصول ادھار | فروخت کا 5% |